مطبوعات

مسلمان خواتین کی دینی اور علمی خدمات | تالیف : پروفیسر سید محمد سلیم - ناشر: ادارۂ تعلیمی تحقیق تنظیم اساتذہ پاکستان - ۸ سی اے ، ذیلدار پارک ، اچھرہ ، لاہور - کاغذ طباعت خوب ، رنگین دبیز سرورق - صفحات : ۱۶۰ ، قیمت : -/۱۵ روپے

پروفیسر سید محمد سلیم صاحب کو اللہ تعالیٰ نے سچے دینی شعور کے ساتھ جو ذوقِ تاریخ اور حافظہ وتخلیق کی جو قوتیں عطا کی ہیں اُن کے ثمرات سامنے آتے ہی رہتے ہیں - ان کی تازہ تالیف بہ عنوانِ بالا سامنے ہے - اس کتاب کو پڑھ کر آپ کو اپنی تاریخ پہلے سے بڑھ کر قابلِ فخر محسوس ہوگی - تحریکِ اسلامی نے عورتوں کو نہ صرف شرفِ انسانیت عطا کیا بلکہ علم کے دروازے ان پر کھول دیئے - اس صنف میں سے کئی حافظات وقاریات ، محدثات وفقیہات ، واعظات وعابدات اور شاعرات وادیبات نمودار ہوئیں - بہت سی مؤرخ اور خوشنویس ، معالج اور مدرس خواتین پیدا ہوئیں -

یہ ایک عجیب تجربہ ہے کہ مغرب کی یورش سے پہلے کی مسلم عورت خواہ کتنی ہی تعلیم یافتہ ہو اور خواہ کسی بھی علم وفن کی خدمت کرے ، اس میں آوارگی اور بے پردگی کے رجحانات اُبھرتے نہیں دیکھے گئے - خواتین نے بڑے بڑے وسیع حلقوں میں درس دیئے ، مگر کیا مجال کہ پردہ کی کوئی حد ٹوٹے - آج یہ منظر عبرت ناک ہے کہ چار حرف پڑھتے ہی لڑکیاں گھر سے باہر کی طرف لپکتی ہیں - اور پردے سے بے پردگی کی طرف - اِس دَور کے نظریات اور تعلیمی سسٹم میں ایسی خرابیاں ہیں کہ ان پر تین حرف بھیجنے چاہئیں -

---